بخدمت جناب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

بتوسط سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عنوان: درخواست اعتراضات بابت حلقہ بندی موجودہ واقع صوبائی اسمبلی نمبر PP-240 سابقہ حلقہ PP-280 بہاولنگر وخارج فرمائے جانے پٹوار سرکل روڈا سنگھ تحصیل بہاولنگر وشامل فرمائے جانے مذکورہ پٹوار سرکل اندریں حلقہ PP-239 (وسابقہ حلقہ PP-279) بہاولنگر زیر الیکشنز ایکٹ 2017 سیکشن 21 والیکشن رولز 2017ء قاعدہ 11 منجانب سائل محمد اقبال ولد حافظ عبدالملیک ذات تھیم سکنہ مرلی گڑھ تحصیل وضلع بہاولنگر۔

جناب عالی! حسب ذیل عرض ہے۔

1۔ **یہ کہ** !الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے شائع شدہ پبلک نوٹس برائے قومی و صوبائی اسمبلیوں کی موجودہ حلقہ بندی ہائے بروئے مردم شماری 2017ء کی بابت بموجب قانون اعتراضات طلب فرمائے گئے ہیں۔

2۔ **یہ کہ** !سائل موضع مرلی گڑھ تحصیل وضلع بہاولنگر کا رہائشی ہے اور سائل کا ووٹ موضع مرلی گڑھ تحصیل بہاولنگر کا بنا ہوا ہے جو کہ موجودہ حلقہ PP-240 (سابقہ حلقہ PP-280) میں شامل ہے۔مصدقہ نقل نقشہ لف ہذا ہے۔

3۔ **یہ کہ** !سائل آئندہ الیکشن منعقدہ سال 2018ء میں حصہ لینا چاہتا ہے۔سابقہ حلقہ بندی کے مطابق پٹوار سرکل روڈا سنگھ تحصیل بہاولنگر کا حلقہ PP-279 (موجودہ حلقہ PP-239) میں شامل تھے مگر اب موجودہ حلقہ بندی کے مطابق پٹوار سرکل روڈا سنگھ تحصیل بہاولنگر کو موجودہ حلقہ PP-240 (سابقہ حلقہ PP-280) میں بلاوجہ شامل کر دیا گیا ہے۔ پٹوار سرکل روڈا سنگھ کی بلاوجہ حلقہ بندی موجودہ PP-240 میں شامل ہونے کی وجہ سے سائل کے مخالف امیدوار کو فائدہ پہنچے گا تو اس طرح سائل کو نقصان عظیم ہو گا۔

4۔ **یہ کہ** !قبل ازیں مندرجہ بالا پٹوار سرکل (موجودہ حلقہ PP-239) حلقہ PP-279 میں شامل تھا اب بھی مذکورہ بالا پٹوار سرکل کو حلقہ PP-279 میں شامل رہنے میں کوئی امر مانع نہ ہے مگر نامعلوم وجوہات کی بناء پر ایسا کیا گیا ہے جس سے سائل کی شدید حق تلفی ہوتی ہے

کیونکہ مندرجہ بالا پٹوار سرکل کے ووٹوں کا فائدہ صرف اور صرف سائل کے مخالف امیدوار کو ہوگا اس طرح سائل کو ناقابل تلافی نقصان کا اندیشہ ہے ان حالات میں پاکستان بیورو آف سٹیٹکس کی رپورٹ مردم شماری اور حلقہ بندی کی درستی کی جانی انتہائی ضروری اور قرین انصاف

5۔ **یہ کہ** ! سائل کو مندرجہ بالا پٹوار سرکل کے بلاوجہ موجودہ حلقہ PP-240 میں شامل کرنے پر شدید تحفظات ہیں۔ ان حالات میں مذکورہ بالا پٹوار سرکل روڈا سنگھ کو موجودہ حلقہ PP-240 سے منسوخ فرما کر سابقہ صورت حال کے مطابق حلقہ PP-240 میں شامل کیا جانا مطابق موقع و حالات از بس ضروری ہے ووٹ سرٹیفکیٹ ودیگر متعلقہ دستاویزات شامل ہیں۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ بمنظوری اعتراضات پٹوار سرکل روڈا سنگھ تحصیل وضلع بہاولنگر کو حلقہ PP-240 بہاولنگر سے منسوخ فرما کر حلقہ PP-239 میں مطابق صورت حال شامل فرمایا جاوے۔ تحریر

عرضے

محمد اقبال ولد حافظ عبدالملیک ذات تھیم سکنہ مرلی گڑھ تحصیل وضلع بہاولنگر

رابطہ 03007928186